# BLUEPRINT FOR ENGLISH LANGUAGE LEARNERS (ELLs) SUCCESS
# متعلمین انگریزی زبان (ELLs) کی کامیابی کے لئے تفصیلی خاکہ

نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم (NYSED) کے دفتر برائے ذولسانی تعلیم و مطالعۂ غیر ملکی زبان (OBE-FLS) کا نصب العین یہ یقینی بنانا ہے کہ نیویارک ریاست (NYS) کے تمام طلباء بشمول متعلمین انگریزی زبان (ELLS) اعلی ترین درجے کی تعلیمی کامیابی اور لسانی استعداد حاصل کریں۔ ہم یہ یقینی بنانے کے لئے سخت محنت کرتے ہیں کہ تمام طلباء کی تعلیمی راہیں اور سماجی جذباتی ضروریات مختلف زبانوں میں پوری کی جائیں جس کے نتیجے میں وہ کالج اور ملازمت کی تیاری کر سکیں۔

بدلتی ہوئی عالمی معیشت کے رد عمل میں، NYSED نے طلباء، معلمین، اور والدین کو واضح توقعات کا ایک مجموعہ فراہم کرنے کے لئے مشترکہ مرکزی تعلیمی معیارات )(CCLS اپنائے ہیں تاکہ وہ کالج اور ملازمت کی تیاری کر سکیں۔ گذشتہ دہائی کے دوران، نیویارک ریاست کے پبلک اسکولوں میں اندراج کروانے والے متعلمین انگریزی زبان میں اضافہ ہوا ہے جس کے نتیجے میں ان کی موجودہ آبادی 213,378 ہو گئی ہے جو 160 سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں۔ ان طلباء کے کامیاب ہونے کی خاطر، NYSED کو اسکولوں کے لئے مناسب ڈھانچہ، گھر پر لسانی تشخیصات اور مواد فراہم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اساتذہ ایسی تعلیم دے سکیں جو طلباء کو کڑے معیارات پر پورا اترنے کے قابل بنائے گی۔ کمشنر آف ایجوکیشن کے ضوابط حصہ 154 کے تحت OBE-WL توثیق کرتا ہے کہ یہ فرض کر لینا درست نہیں کہ انگریزی بولنے والے ماحول میںELLS کا بے سہارا ادغام انہیں تعلیمی طور پر کامیاب ہونے کے قابل بنا دے گا۔

P-12 NYSED مشترکہ مرکزی تعلیمی معیارات (CCLS) کا تقاضا ہے کہ ہر استاد تمام طلباء بشمول ELLS کو تعلیمی زبان اور دقت طلب مواد پڑھانے کے لئے تیار ہو۔ ہر استاد کے پاس لازماً یہ مہارت ہو کہ ELLS کو انگریزی کی استعداد میں پیش رفت کرنے کے ساتھ ساتھ مضامینِ ما فیہ کا علم حاصل کرنے میں کیسے معاونت دی جائے۔ یہ اشد ضروری ہے کہ تمام معلمین مضامین مافیہ پر کام کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام طلباء CCLS کے بلند مطلوبات پر پورا اتریں۔

پری کنڈر گارٹن سے شروع ہو کر، کالج اور ملازمت کی تیاری کی بنیاد ڈالنے کی غرض سے ELLS کو کامیابی کے لئے تیار کرنے کی خاطر منتظمین، پالیسی سازوں، اور پریکٹیشنروں کی توقعات کی وضاحت کرنے کے مقصد سے مندرجہ ذیل اصول ریاست پیما ڈھانچے کے طور پر احتیاط سے وضع کئے گئے ہیں۔ ان اصولوں کا مقصد اضلاع، اسکولوں، اور اساتذہ کو رہنمائی، وسائل اور معاونت فراہم کرنا، نیز ذولسانی تعلیم، انگریزی بطور دوسری زبان اور غیر ملکی زبان کی پڑھائی کی ایک بہتر سمجھ بوجھ اور قدر شناسی کو فروغ دینا ہے۔

## متعلمین انگریزی زبان (ELLs) کی کامیابی کے لئے تفصیلی خاکہ

**ELLs کی رہنمائی کرنے والے اصول یہ ہیں:**

**1. تمام اساتذہ متعلمین انگریزی زبان کے اساتذہ ہیں اور انہیں اس کے مطابق مندرجہ ذیل طریقوں کے ذریعے منصوبہ بندی کرنی ہے:**

- ایسی ہدایت تیار کرنا اور فراہم کرنا جو **تمام** متنوع متعلمین بشمول انفرادی تعلیمی پروگراموں (IEP) کے حامل متعلمین کے لئے ثقافتی اور لسانی طور پر مناسب ہو۔
- زبان پر مرکوز ڈھانچوں کے ذریعے لِسانی نشوونما میں معاونت کے لئے زبان اور مواد کی مربوط ہدایت مہیا کرنا۔ ذولسانی، ESL اور دیگر مضامین ما فیہ کے اساتذہ کو چاہئے کہ تمام مضامین ما فیہ میں تعلیمی کامیابی کو فروغ دینے کی خاطر با مقصد انداز سے اور یکساں طور پر لازماً اشتراک کار کریں۔
- ایسے مواد اور ہدایاتی وسائل کو استعمال میں لانا جو لسانی طور پر اور عمر / گریڈ کے لحاظ سے مناسب ہوں، اور مشترکہ مرکزی تعلیمی معیارات (CCLS) سے ہم آہنگ ہوں۔
- ELLs کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر اسکول کے امدادی عملے اور کمیونیٹی پر مبنی وسائل بشریہ کے ساتھ اشتراک کار کرنا

**2. تمام اسکول بورڈ اور ضلعی / اسکول قائدین یہ یقینی بننے کے ذمہ دار ہیں کہ ELLs کی تعلیمی، لسانی، سماجی اور جذباتی ضروریات مندرجہ ذیل طریقوں سے پوری کی جاتی ہیں:**

- طلباء کی کامیابی کے لئے ایک واضح تصور فراہم کرنا جس میں ELL طالب علم کی کامیابی اور سماجی و جذباتی نشوونما کے لئے بلند توقعات شامل ہوں، اور ایک ایسا بامقصد منصوبۂ کار اس کی معاونت کرتا ہو جو ELLs کی ضروریات پورا کرنے والے بلند معیار کے پروگراموں کے ذریعے کالج اور ملازمت کی تیاری کے لئے مختلف راہیں فراہم کرتا ہو۔
- ELLs کے لئے اعلیٰ معیار کی ہدایت فراہم کرنا۔
- یہ یقینی بنانے کے لئے کہ تعلیمی منصوبے کا نفاذ مؤثر انداز سے ہو رہا ہے، مالی اور بشری وسائل کو ہم آہنگ اور مربوط کرنا۔
- معلمین کو ان کی ہدایاتی مشق کو بہتر بنانے کے لئے اعلیٰ معیار کی امداد، فیڈ بیک اور ہدایت بہم پہنچانا۔
- ایک محفوظ اور مشمولہ سیکھنے کا ماحول فراہم کرنا جو تمام طلباء کی زبانوں اور ثقافتوں کو پہچانے اور ان کا احترام کرے۔
- یہ یقینی بنانا کہ ضلع اور اسکولوں کے قائدین بلند توقعات پر مشتمل اسکولی ثقافت پیدا کرنے کی خاطر ELLs کی ضروریات پورا کرنے کے لئے تربیت یافتہ ہوں۔
- معذور ELLs کو اعلی معیار کی ہدایاتی اور امدادی خدمات فراہم کرنا جو ان کی IEPs اور موجودہ پالیسیوں کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔

**3. ضلعے اور اسکول تمام متعلمین انگریزی زبان کو مندرجہ ذیل طریقوں سے ایسی تعلیم میں مشغول رکھتے ہیں جو گریڈ کے لحاظ سے مناسب، تعلیمی طور پر سخت گیر اور مشترکہ مرکزی اور P-12 مشترکہ مرکزی تعلیمی معیارات (CCLS) کے لئے نیویارک ریاست پری کنڈرگارٹن کی بنیاد سے ہم آہنگ ہوتی ہے:**

- خصوصی مواد اور زبان کے مقاصد کو صاف صاف واضح کرنا
- تحقیق پر مبنی ذخیرۂ الفاظ کی واضح اور مضمر تعلیم کو یک جا کرکے مکمل کرنا
- طلباء کے لئے اپنے دوستوں کے ساتھ مضامین ما فیہ اور مسائل حل کرنے سے متعلق بات چیت کرنے کے مواقع فراہم کرنا
- ہدایت کو تحقیق پر مبنی طور طریقوں (مثلاً ملٹی میڈیا، بصری وسائل، گرافک آرگنائزر) کو حکمت عملی کے ساتھ استعمال کرتے ہوئے مربوط کرنا
- معذور ELLs کی خصوصی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خصوصی تعلیمی امداد، خدمات، گنجائشیں، اور خاص طور پر تیار کردہ ہدایت مہیا کرنا
- ایک اعلی معیار کا نصاب تیار کرنا، منتخب کرنا اور نافذ کرنا جو ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے ELLs کی ضروریات کو پورا کرے اور *نیویارک ریاست کے مشترکہ مرکزی پری کنڈر گارٹن کی بنیاد* کی معاونت کرے۔

http://www.p12.nysed.gov/ciai/common_core_standards/pdfdocs/nyslsprek.pdf.

- ELLs کو لسانی نشوونما کے تسلسل کے ساتھ حکمت عملی کے طور پر منتقل کرنے کے لئے *نیویارک ریاست ذولسانی مشترکہ مرکزی پیش روی* سے استفادہ کرتے ہوئے تعلیمی زبان اور مضامین ما فیہ کی معاونت کو استعمال میں لانا

http://www.engageny.org/resource/new-york-state-bilingual-common-core-initiative

**4. ضلعے اور اسکول یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ذو لسانی مہارت اور ذولسانی پڑھائی اثاثے ہیں اور تمام طلبہ کو مندرجہ ذیل اشیاء فراہم کرکے تمام طلباء کو یہ موقع فراہم کرتے ہیں کہ وہ ہائی اسکول ڈپلومہ لینے پر ذولسانی پڑھائی کی تصدیق حاصل کریں:**

- زبان کی تعلیم یا زبان کی معاونت کے ایسے پروگراموں میں شرکت کرنے کے مواقع جو انگریزی اور دیگر زبانوں میں مہارت کی طرف لے جاتے ہوں۔
- تعلیمی زبان اور مضامین ما فیہ کے علم کو انگریزی اور انگریزی کے علاوہ ایک دوسری زبان، بشمول طالبعلم کی گھریلو زبان دونوں میں استعمال کرنے اور اس کو ترقی دینے کے مواقع۔
- ELLs کے لئے کڑے ذولسانی تعلیمی پروگرام جن کا مقصد گھریلو زبان کو برقرار رکھنا اور اسے ترقی دینا اور انگریزی اور ذولسانی پڑھائی کی استعداد حاصل کرنا ہو۔
- ان طلباء کے لئے متبادل راستے جن کی گھریلو زبان وہ ہو جس میں کسی ضلعے میں اس زبان کے کم حلقۂ اثر کی بنا پر ذولسانی تعلیمی پروگرام موجود نہ ہوں۔

**.5 ضلعے اور اسکول تمام ELLs کے والدین اور خاندانوں کی تعلیمی شراکت داروں کے طور پر قدر کرتے ہیں اور مندرجہ ذیل طریقوں سے انہیں ان کے بچوں کی تعلیم میں مؤثر طور پر شریک کرتے ہیں:**

- اپنے بچوں کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کے قابل بنانے کے لئے والدین کو وسائل فراہم کرنا
- والدین کو ان کے حقوق اور پروگراموں کے انتخابات سے متعلق ایسی زبان اور شکل میں مناسب معلومات مہیا کرنا جس کو والدین آسانی سے سمجھ سکیں اور رسائی حاصل کر سکیں۔
- اسکول کے اندر اور باہر اپنے بچوں کی تعلیم میں معاونت کے لئے والدین کو انگریزی اور ان کی گھریلو زبان میں مؤثر حکمت عملی سے متعلق تربیت فراہم کرنا۔
- والدین کو اسکول کمیونٹی کے لئے فعال شرکاء، حصہ ڈالنے والوں اور ثقافتی رابطہ کاروں کے طور پر شامل کرنا۔
- والدین اور اہلِ خاندان کو ان بلند توقعات میں شریک کرنا جو اسکولوں نے تمام ELLs کی تعلیم کے لئے قائم کر رکھی ہیں اور ان توقعات کی جستجو اور کامیابی کے لئے والدین کو شریک کرنا۔
- ELLs کے خاندانوں کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر اسکول کے امدادی عملے اور تارکین وطن کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنا

**.6 ضلعے اور اسکول کی برادریاں ذولسانی، ESL اور انگریزی کے علاوہ دوسری زبان (LOTE) کے اساتذہ اور امدادی عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں بڑھانے کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل طریقوں سے ان کی مہارت میں اضافہ کرتی ہیں:**

- ہدایت تیار کرنے اور اس میں تعاون کرنے، طلباء کے کام کا تجزیہ کرنے اور سخت گیر اسباق تیار کرنے کی غرض سے تمام اساتذہ کے لئے ارادی تعلیمی مواقع پیدا کرنا
- بامقصد پیشہ ورانہ ترقی میں شرکت کرنے کے لئے تمام اساتذہ کو مضبوط اور مستقل مواقع فراہم کرنا جو نئی اور گھریلو زبان میں ترقی سمیت ELLs کی ضروریات پوری کریں۔

**.7 ضلعی اور اسکولوں کی برادریاں مندرجہ ذیل طریقوں سے ELLs کی گھریلو زبانوں، ثقافتی اثاثوں، اور پیشگی علم میں اضافہ کرتی ہیں:**

- گھریلو زبانوں کو ہدایاتی اثاثوں کے طور پر تصور کرنا، اور پیشگی علم کو نئے علم کے ساتھ ملانے کے لئے انہیں استعمال کرنا، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ مضامین ما فیہ بامقصد اور قابل فہم ہیں۔
- ELLs کی گھریلو زبانوں اور ثقافتوں کو تنوع کو فروغ دینے کے لئے استعمال کرنا جو تمام طلباء کے وقار کے قانون کے مطابق ہوں (NYS پیش قدمی، مؤثر بہ جولائی ،2013)

http://www.p12.nysed.gov/dignityact/

### 8. ضلعے اور اسکول مندرجہ ذیل طریقوں سے ELLs کے مضامین ما فیہ کے علم، نیز نئی اور گھریلو زبان کی ترقی کی پیمائش کی خاطر ہدایت مہیا کرنے کے لئے تشخیصی ذرائع اور تشکیلی تشخیص استعمال کرتے ہیں:

- تشکیلی تشخیصات کے ساتھ ریاستی تشخیصات کو استعمال کرنا
- یہ سمجھنے کے لئے کہ ELLs زبان کی ترقی کے تسلسل میں کہاں پر ہیں، اور ان کی استعداد کی سطح کے مطابق ان کے لئے مناسب ڈھانچے کیسے فراہم کئے جائیں، (نیویارک ریاست انگریزی بحیثیت دوسری زبان کی قابلیت کےامتحان [NYSESLAT] اور نیویارک ریاست شناختی ٹیسٹ برائے متعملین انگریزی زبان [NYSITELL] سے) زبان کی استعداد کے ریاستی ڈیٹا کو استعمال کرنا
- ایسی مصدقہ تشخیصات کو استعمال میں لانا جو زبان کو مصدقہ اور اعلی مضامین ما فیہ میں شامل ہونے کے پُر تصنع استعمال کا تقاضا کرتی ہوں۔
- معذور ELLs کی ضروریات اور پیش رفت کا اندازہ لگانے کے لئے مناسب ذرائع کو استعمال میں لانا
- ان تجزیاتی عنوانات کو استعمال میں لانا جو مضامین ما فیہ اور زبان کی ترقی سے متعلق فیڈ بیک مہیا کرتے ہوں۔
- ہدایت مہیا کرنے اور ان ذولسانی تعلیمی پروگراموں، جن میں گھریلو زبان استعمال ہو رہی ہو، میں افزائش کا مظاہرہ کرنے کے لئے گھریلو زبان کی تشخیصات کو استعمال میں لانا۔